21591- حیوانات اور پرندے حنوط کرنے کا حکم

سوال

کچھ لوگ بعض حیوانات یا پرندوں کو حنوط کرتے ہیں، وہ اس طرح کہ کاٹن، ڈیٹول اور نمک اور کچھ دوسرے مواد اس کے اندر رکھتے ہیں، اور پھر اس حیوان یا پرندے کو ڈرائنگ روم کی زینت بنا دیتے ہیں، شریعت مطہرہ میں اس عمل کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس طرح کا عمل کرنا جائز نہیں، کیونکہ یہ مال ضائع کرنے میں شامل ہوتا ہے، اور اس لیے بھی کہ یہ اس حنوط شدہ جانور یا پرندے کے ساتھ معلق ہونے کا وسیلہ ہے، اور اس گمان کا وسیلہ بننے کا خدشہ ہے کہ یہ حنوط شدہ چیز گھر اور گھر میں رہنے والوں سے مصیبت و تکلیف دور کرے گی، جیسا کہ بعض جاہل قسم کے لوگ گمان کرتے ہیں.

اور اس لیے بھی کہ یہ ذی روح کی تصاویر معلق کرنے کا وسیلہ ہے کہ حنوط شدہ جانور وغیرہ رکھنے کو دیکھنے والا یہ سمجھے گا کہ یہ بھی تصویر ہے، اور مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی کی جانب سے میری صدارت اور میری مشارکت کے ساتھ یہی فتوی جاری ہوا ہے جو میں نے بیان کیا ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے.